# نمازحضرت امام علی نقیؑ

یہ دو رکعت ہے اسکی پہلی رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ یٰس دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورہ رحمٰن پڑھیں نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں:

**يَا بَارُّ يَا وَصُولُ يَا شَاهِدَ كُلِّ غائِبٍ، وَيَا قَرِيبُ غَيْرَ بَعِيدٍ، وَيَا غَالِبُ غَيْرَ مَغْلُوبٍ، وَيَا مَنْ لاَ يَعْلَمُ**

اے نیکی کروانے والے اے ملنے والے اے ہر غائب کے دیکھنے والے اے وہ قریب جو دور نہیں ہوتا اور اے وہ غالب جو مغلوب نہیں ہوتا

**كَيْفَ هُوَ إِلاَّ هُوَ، يَا مَنْ لاَ تُبْلَغُ قُدْرَتُهُ، أَسْأَ لُكَ اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ الْمَكْنُونِ الْمَخْزُونِ الْمَكْتُومِ**

اے وہ ذات جسے تیرے اپنے سوا کوئی نہیں جانتا کہ کیسا ہے اے وہ جسکی قدرت تک رسائی نہیں ہوتی اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے

**عَمَّنْ شِئْتَ، الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ لْمُقَدَّسِ النُّورِ التَّامِّ الْحَيِّ الْقَيُّومِ الْعَظِيمِ، نُورِ السَّمَاوَاتِ وَنُورِ**

اس نام کے واسطے جو پوشیدہ، محفوظ اور مخفی ہے جس سے تو چاہے۔تو پاک وپاکیزہ، مقدس نور، کامل، زندہ، نگہبان، عظیم، آسمانوں کو روشن کرنے والا

**الْاَرَضِينَ، عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرِ الْمُتَعَالِ الْعَظِيمِ صَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ .**

اور زمینوں کو روشن کرنے والا ہے ظاہر اور باطن کا جاننے والا بزرگوار، بلند اور عظیم ہے کہ تو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت فرما۔

# نماز امام حسن عسکریؑ

یہ چار رکعت نماز ہے اسکی پہلی دو رکعت میں حمد کے بعد پندرہ مرتبہ سُورۂ زلزال اور دوسری دو رکعت میں حمد کے بعد پندرہ مرتبہ سُورۂ توحید کی تلاوت کریں اور نماز کے بعد حضرت کی یہ دُعا پڑھیں:

**اَللّٰھُمَّ إِنِّی أَسْأَلُکَ بِأَنَّ لَکَ الْحَمْدَ لاَ إِلهَ إِلاَّ أَنْتَ الْبَدِیءُ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ، وَأَنْتَ الْحَیُّ**

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ حمد تیرے ہی لئے ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو ہر چیز سے پہلے موجود رہا ہے اور تو

**الْقَیُّومُ، وَلاَ إِلهَ إِلاَّ أَنْتَ الَّذِی لاَ یُذِلُّکَ شَیْءٌ، وَأَنْتَ کُلَّ یَوْمٍ فِی شَأْنٍ، لاَ إِلهَ إِلاَّ أَنْتَ خالِقُ**

زندہ و نگہبان ہے، اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں کہ تجھے کوئی چیز پست نہیں کر سکتی اور تو ہی ہر روز نئی شان والا ہے تیرے

**مَا یُرىٰ وَمَا لاَ یُرىٰ، الْعالِمُ بِکُلِّ شَیْءٍ بِغَیْرِ تَعْلِیمٍ، أَسْأَلُکَ بِآلاَئِکَ وَنَعْمَائِکَ بِأَنَّکَ اللّٰهُ**

سوا کوئی معبود نہیں تو ہر دیکھی وان دیکھی چیز کا خالق ہے کہ بغیر علم حاصل کئے ہر چیز کا علم رکھتا ہے میں تیری خوبیوں اور نعمتوں کے

**الرَّبُّ الْوَاحِدُ لاَ إِلهَ إِلاَّ أَنْتَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیمُ، وَأَسْأَلُکَ بِأَنَّکَ أَنْتَ اللّٰهُ لاَ إِلهَ إِلاَّ أَنْتَ الْوِتْرُ**

ذریعے سوال کرتا ہوں کیوں کہ تو ہی اللہ، رب اور یکتا ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو رحمٰن و رحیم ہے اور سوال کرتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے تیرے

**الْفَرْدُ، الأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِی لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُولَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَهُ کُفُواً أَحَدٌ، وَأَسْأَلُکَ بِأَنَّکَ اللّٰهُ**

سوا کوئی معبود نہیں تو تنہا و یکتا ہے یگانہ ہے۔ بے نیاز ہے کہ جس نے نہ کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ ہی کوئی اسکا ہمسر ہے اور میں سوال کرتا ہوں

**لاَ إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ اللَّطِیفُ الْخَبِیرُ الْقَائِمُ عَلَی کُلِّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ الرَّقِیبُ الْحَفِیظُ، وَأَسْأَلُکَ**

تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو جاننے والا اور خبر رکھنے والا ہے ہر نفس کو اسکے کئے کا بدلہ دینے والا ہے تو نگہبان و محافظ ہے اور میں سوال کرتا ہوں

**بِأَنَّکَ اللّٰهُ الأَوَّلُ قَبْلَ کُلِّ شَیْءٍ، وَالآخِرُ بَعْدَ کُلِّ شَیْءٍ، وَالْبَاطِنُ دُونَ کُلِّ شَیْءٍ الضَّارُّ النَّافِعُ**

تو ہی اللہ ہے جو ہر چیز سے پہلے ہے اور ہر چیز کے بعد رہے گا اور تو ہر چیز میں پوشیدہ ہے تو ہی ضرر دینے اور نفع پہنچانے والا

**الْحَکِیمُ الْعَلِیمُ، وَأَسْأَلُکَ بِأَنَّکَ أَنْتَ اللّٰهُ لاَ إِلهَ إِلاَّ أَنْتَ الْحَیُّ الْقَیُّومُ الْبَاعِثُ الْوَارِثُ الْحَنَّانُ**

ہے حکیم و دانا ہے۔ اور سوال کرتا ہوں کہ تو اللہ ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو زندہ اور پایندہ ہے۔ مردوں کا اٹھانے والا،

**الْمَنَّانُ بَدِیعُ السَّمَاوَاتِ وَالأَرْضِ ذُو الْجَلاَلِ وَالإِکْرامِ وَذُو الطَّوْلِ وَذُو الْعِزَّةِ وَذُو السُّلْطانِ لاَ**

وارث مہربان اور محسن ہے تو آسمانوں اور زمین کا ایجاد کرنے والا جلالت و بزرگی والا اور صاحب سخاوت صاحب

**إِلٰهَ إِلاَّ أَنْتَ أَحَطْتَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْماً، وَأَحْصَیْتَ کُلَّ شَیْءٍ عَدَداً صَلِّ عَلی مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ.**

عزت اور صاحبِ حکومت ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں کہ تیرا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اور تو نے ہر چیز کو شمار کر رکھا ہے تو محمدؐ آلِ محمدؐ پر رحمت فرما۔

urdu.duas.org